لافتی الا علی لاسیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ صفر ۱۳۴۰ھ مطابق ۱۷ اکتوبر ۱۹۲۱ء	نمبر ۴۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت اسسٹنٹ انجینر صاحب	۱
۲	رخصت کرنل سعید احمد خاں صاحب	۱ و ۲
۳	رخصت منشی احمد علی صاحب شوق	۲
۴	اضافہ امیر حیدر ...	"
۵	نسبت انتقال علی ... صاحب	"
۶	تصحیح ... احکام متعلقہ بیدخلی و اضافہ کاشتکاران۔	"
۷	رخصت کورٹ انسپکٹر صاحب	"
۸	رخصت سید ذکی حسین صاحب	"
۹	اضافہ جات ... ڈپارٹمنٹ	"
۱۰	نقشہ بارش و نقشہ نرخنامہ اجناس۔	ضمیمہ

ملخص احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ رخصت رعایتی یکماہہ مشمولہ اسسٹنٹ انجینر ۵ اکتوبر سنہ حال سے بضرورت نج منظور فرمائی گئی ایام رخصت میں منشی پربھولال سب اوورسیر بطور فشٹنگ کام انجام دینگے۔

۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

حسب عرضی لفٹنٹ کرنل سعید احمد خاں اے ڈی سی رخصت دو ماہہ ...

بغرض روانگی راسے بریلی منظور کی گئی۔ اور کپتان راچرس صاحب بہادر شیوفر کو اطلاع دیگئی

۵ اکتوبر ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ منشی احمد علی شوق قدوائی کی انیس دن کی رخصت ۳ اکتوبر سنہ حال سے منظور فرمائی گئی۔

اضافہ

۱ اکتوبر ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ اصطبل۔ امیر حیدر امین کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

واقع ۳ اکتوبر ۱۹۲۱ء

عالیجناب نواب ولیعہد بہادر و منجھلے صاحبزادہ صاحب بہادر و چھوٹے صاحبزادہ صاحب بہادر کے بجٹ منظور ہوکر اسکے احکام جاری ہوچکے ہیں۔ اس بجٹ کے ساتھ فہرست ملازمین کی بھی شامل ہے جسمیں یہ تجویز ہوچکی ہے کہ بماتحتی کپتان راچرس بہادر شیوفر علاوہ سررشتہ کا مامور ہوگا جسکے تقرر کی بابت حسب ذیل تجویز کیجاتی ہے۔ ا شوکت علیخان نائب پیشکار سررشتہ اوٹ تنخواہ باب وظیفہ باضافہ ... اکاونٹنٹ مقرر ہوں۔ ۲ شوکت علیخان کی جگہ اہلمدان آفس میں سے جسکو ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ مناسب سمجھیں اسکو تجویز کرکے منظوری حاصل کرلیں۔ اور جو اہلمد آڈٹ کا بعہدہ نائب پیشکاری مقرر ہو اسکی جگہ شرف الدین تنخواہ ... اہلمد اجلاس عالیہ میں جو زائد از ضرورت ہیں اپنی موجودہ تنخواہ پر اہلمد مقرر ہو۔

۳۔ کی پی۔ ورما بعہدہ کلرک بمشاہرہ پینتیس روپیہ ماہوار حتا المقدور کیواسطے مقرر ہو۔

۴۔ سید ارشاد علی دفتر کی کام پر بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار مقرر کیا جائے۔

ملازمان مصرحہ صدر بماتحتی کپتان راچرس صاحب بہادر شیوفر رہیں گے اور تنخواہ انکی حسب بجٹ عالیجناب نواب ولیعہد بہادر میں پڑیگی۔ ملازمان کو اطلاع دیجائے کہ وہ ۴ اکتوبر ۱۹۲۱ء سے انکے کام پر حاضر ہوں۔

حکم ہوا کہ احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص حکم اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۳ اکتوبر ۱۹۲۱ء

خانبہادر سید قاسم علی صاحب ممبر بورڈ آف آڈٹ کی مزید رخصت ۲۵ روز کی منظور ہوئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

یکم ستمبر ۱۹۲۱ء

بحکم ۱۶ جولائی ۱۹۲۱ء مطبوعہ گزٹ ۲۰ جولائی ۱۹۲۱ء میں احکام متعلق بیدخلی وضمانت کاشتکاران مع نقل یادداشت جلسہ نیلام بغرض آگاہی جملہ عدالتہائے مال و وکلاء ورعایا درج ہوئی ہیں منجملہ نمبران یادداشت مذکور نمبرہ کہ متعلق رقبہ بہ پانی کی تعداد سے کم ہو درج ہوئی ہے جو اضافہ سے مستثنے کی گئی ہے۔ مگر غیر زرعہ کا حق بہ پانی (جو بموجب دفعہ ۱۲ دستور عامہ کسی حال میں لائق اضافہ و بیدخلی نہوگا) درج ہونے سے رہگیا ہے۔ چونکہ اطلاع نامہ جلسہ مسطورہ میں مغرور سمجھ کر ... تجربتہً لکھنے سے رہگیا ہے۔ لہذا حکم تصحیح جاری کیا جاتا ہے۔

رخصت

۵ اکتوبر ۱۹۲۱ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ ۳ ستمبر ۱۹۲۱ء کی کورٹ انسپکٹر صاحب کی چار یوم کی رعایتی اور چہ یوم کی اتفاقیہ یعنی دس روز کی مزید رخصت منظور کی گئی۔

۷ اکتوبر ۱۹۲۱ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل۔ سید ذکی حسین صاحب نائب تحصیلدار حضور تحصیل کی ... رخصت ۷ یوم ۲ اکتوبر سنہ حال سے بوجہ علالت منظور ہوچکی۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۱۷ ستمبر ۱۹۲۱ء

ملازمان مندرجہ ذیل کی تنخواہ میں حسب تحت کا اضافہ بتقریب سالگرہ بندگان عالی دام اقبالہم بحکم کیا جاتا ہے جمیل احمد دیر مانند اہلمد اعداد فوجداری ضلع و محمد علیخان اہلمد عدالت سیشن جج و سید محمد نبی نقلنویس فوجداری کی تنخواہ میں دو دو روپیہ ماہوار و وزیر حسن بیگ اہلمد دیوانی ضلع و وزیر احمد اہلمد استغاثہ کی تنخواہ میں ایک ایک روپیہ ماہوار و سید نظیر احمد اہلمد عدالت خفیفہ کی تنخواہ میں دو روپیہ و اشرف علیخان اہلمد خفیفہ کی تنخواہ میں ایک روپیہ و لالہ پرشاد محرر جوڈیشل ناظر کی تنخواہ میں دو روپیہ و لائق علیخان اہلمد جی کی تنخواہ میں پانچ روپیہ و صاحبزادہ سید اکرام الدین بہادر محرر رجسٹری صدر کی تنخواہ میں ایک روپیہ و گوہر علیخان مشاہرہ دار ... روپیہ کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے و ... عوض محمد اعجاز نابالغ کا جو سید رجسٹری مسٹار میں ہے اور اُس آسامی کی تنخواہ اسوقت ... روپیہ ہے اسمیں ... روپیہ عوض کو ... روپیہ نابالغ کو ملتے ہیں لہذا تا انتظام عوض اس آسامی کی تنخواہ پر دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے۔ یہ اضافہ عوض کو دیا جائیگی تیرہ روپیہ عوض کو اور ... روپیہ بدستور نابالغ کو ملتے رہینگے حکم ہوکہ حسب ضابطہ احکام جاری ہوں۔